انہوں نے سابق چیئرمین سینٹ اور بلوچستان سے ممبر صوبائی اسمبلی سردار صادق سنجرانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ان سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو دالبدین سے چاغی روڈ پر کام جلد شروع کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی ہماری اولین ترجیح ہے جس کے لئے وہاں سڑکوں کا جال بچھائیں گے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے بتایا کہ این ایچ اے بلوچستان کے لئے خصوصی روڈ میپ پر کام کر رہا ہے، رقبے کے لحاظ سے ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں معیاری روڈ نیٹ ورک افغانستان، ایران اور دیگر ممالک سے تجارت اور سیاحت کے لئے اہم ہے اور وہ اس صوبے میں این ایچ اے کی بہترین کارکردگی کو یقینی بنا رہے ہیں۔ اپنی گفتگو میں سابق چیئرمین سینٹ و ایم پی اے صادق سنجرانی نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے لئے این ایچ اے کے خصوصی اقدامات وہاں کے عوام کے لئے تحفہ ہوں گے جس سے انہیں ذرائع آمد و رفت کی بہتری اور موجودہ مشکلات سے خاطر خواہ ریلیف حاصل ہوگا۔

## تلخیوں کو مستقبل کی رکاوٹ نہیں بننے دینا چاہیے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

### سال نو کا آغاز اپنے خوابوں کو نئے سرے سے ترتیب دینے کا قیمتی موقع ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے نئے سال کی آمد کے موقع پر صوبے کے عوام اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سال نو محض کیلنڈر کی تبدیلی کا نام نہیں بلکہ یہ اپنی سوچ، کردار اور اپنے......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

خوابوں کو نئے سرے سے ترتیب دینے کا ایک قیمتی موقع ہے۔ ہمیں انفرادی اور اجتماعی سطح پر یہ جائزہ لینا ہوگا کہ ہم کس طرح ایک بہتر معاشرے کی تشکیل میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزرے ہوئے ایام کی تلخیوں کو مستقبل کی رکاوٹ نہیں بننے دینا چاہیے بلکہ ہمیں ماضی سے سبق اور مستقبل کو امید کی روشنی سے منور کرتے ہوئے، شکووں اور مایوسیوں کو پیچھے چھوڑ کر نئے عزم اور نئی ہمت کے ساتھ اپنی منزل کی جانب قدم بڑھانا چاہیے۔ منفی سوچ اور مایوسی کسی بھی معاشرے کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی دیوار ہوتی ہے، جسے صرف بلند حوصلے اور مسلسل محنت سے گرایا جا سکتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 1

Dated 01 JAN 2026 Page No. 17


# ترقیاتی کام میں ناقص میٹریل برداشت نہیں کرینگے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

## صوبائی مشیر بلدیات کا دورہ پشین، میونسپل کارپوریشن کا معائنہ، میئر سردار اکبر خان ترین نے استقبال کیا

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے گزشتہ روز پشین شہر کا دورہ کیا اور میونسپل کارپوریشن پشین کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر میئر پشین سردار اکبر خان ترین اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن پشین عطاء اللہ بلوچ نے ان کا استقبال کیا دورے کے دوران میئر پشین سردار اکبر خان ترین اور چیف آفیسر عطاء اللہ بلوچ نے صوبائی مشیر کو پشین میں محکمہ

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

بلدیات کے زیر انتظام جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مزید فنڈز کی فراہمی کی استدعا بھی کی گئی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ محکمہ بلدیات محدود وسائل کے باوجود صوبے بھر میں میٹروپولیٹن کارپوریشنز، میونسپل کارپوریشنز، میونسپل کمیٹیوں اور یونین کونسلوں کو ترقیاتی منصوبوں میں شامل کر رہا ہے تاکہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دیہی علاقوں کی ترقی ممکن بنائی جا سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی کاموں میں تاخیر اور ناقص میٹریل کے استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ عوامی نمائندوں کو چاہیے کہ وہ اپنے منصوبے بروقت مکمل کریں اور معیاری میٹریل کے استعمال کو یقینی بنائیں صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت میں مکمل ہوں اور فنڈز میں اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی کے لیے صرف صوبائی پی ایس ڈی پی پر انحصار کافی نہیں، بلکہ وفاقی حکومت اور غیر ملکی ڈونرز سے بھی رابطے کیے جائیں گے تاکہ غیر سرکاری تنظیموں کے ذریعے بھی ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا جا سکے دورہ پشین کے موقع پر صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کے ہمراہ چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار حاجی صلاح الدین زہری، میر قیوم ساسولی، خان محمد زہری، میر شعیب زہری، میر علی دوست زہری، رسول بخش گھورہ سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No 2 Dated 01 JAN 2026 Page no. 18

بلوچستان کے عوام کی حوصلہ مندی اور حب الوطنی قابل تعریف، ذاتی سیاسی ایجنڈوں کو مسترد کرنا ضروری ہے، سید عاصم منیر

# پاک فورسز بلوچستان کو دہشتگردوں سے نجات دلائینگی، فیلڈ مارشل

پاکستان کی علاقائی سالمیت کی کسی بھی خلاف ورزی پر سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، بلوچستان میں تشدد کا پروپیگنڈا جاری ہے

بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز کے مذموم عزائم ناکام بنائیں گے، بلوچستان سے متعلق 18 ویں قومی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز کی جانب سے بلوچستان میں تشدد کا پروپیگنڈا جاری ہے، پاکستان کی علاقائی سالمیت کی کسی بھی خلاف ورزی پر سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام کی حوصلہ مندی اور حب الوطنی قابل تعریف ہے، بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز کے مذموم عزائم سیکیورٹی فورسز سخت کارروائیوں سے ناکام بنائیں گی، صوبے کو دہشت گردی اور بے چینی سے نجات دلائینگے، ذاتی سیاسی ایجنڈوں کو مسترد کرنا ضروری ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بلوچستان کے متعلق 18 ویں قومی ورکشاپ کے شرکاء نے ملاقات کی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز کی جانب سے بلوچستان میں تشدد کا پروپیگنڈا جاری ہے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز بلوچستان میں ترقی میں خلل ڈال رہی ہیں، پاکستان کی علاقائی سالمیت کی کسی بھی بالواسطہ اور بلاواسطہ خلاف ورزی کا فیصلہ کن جواب دیں گے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج اپنے شہریوں کی جانوں کا تحفظ فراہم کرنے کا عزم کیے ہوئے ہے، بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز کے ایسے مذموم عزائم سیکیورٹی فورسز سخت کارروائیوں سے ناکام بنائیں گی۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز صوبے کو دہشت گردی اور بے چینی سے نجات دلائیں گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے بلوچستان کی ترقی اور پاکستان کے لیے اس کی اسٹریٹجک اہمیت پر زور دیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ صوبے کے عوام کی حوصلہ مندی اور حب الوطنی قابل تعریف ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوامی مرکزیت کے ساتھ ترقیاتی منصوبے کر رہی ہیں، سول سوسائٹی کا کردار پروپیگنڈا کو بے نقاب کرنے میں اہم ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ ذاتی سیاسی ایجنڈوں کو مسترد کرنا ضروری ہے تاکہ بلوچستان کا مستقبل طویل مدتی خوشحالی پر مبنی ہو۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ عناصر بے امنی پھیلا رہے ہیں، پاکستان کی علاقائی سالمیت کی کسی بھی خلاف ورزی پر سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاکستان آرمی شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے پرعزم ہے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سیشن کا اختتام سوالات و جواب کی نشست پر ہوا، فیلڈ مارشل نے سوالوں کے جواب دیئے۔

# بلوچستان پولیس حسب روایت جرائم کی بیخ کنی کرتی رہے گی، آئی جی پی

گزشتہ سال پولیس نے 111 سے زائد مسروقہ گاڑیاں 880 موٹر سائیکلیں برآمد کیں 725 مطلوب ملزمان 4799 اشتہاریوں کو گرفتار کیا

اغوا برائے تاوان کے 255 اور 14344 جرائم پیشہ افراد اور 103 خطرناک گینگز گرفتار کیے، پولیس مقابلے میں 74 ملزمان مارے گئے

پولیس میں میرٹ کی بنیاد پر بھرتیاں کی گئیں، سیکورٹی ڈویژن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، 2026ء میں 30 ڈیٹا بیس سینٹرز بنائے جائیں گے

کوئٹہ (محمد افضل مغل) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس نے گزشتہ سال گوادر سمیت بلوچستان بھر میں قانون نافذ کرنے والوں اداروں اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ ملکر دہشت گردانہ حملوں کو ناکام بنایا ہے جس طرح پولیس نے تھانوں اور مختلف مقامات پر دہشت گردانہ کارروائیوں کا بھرپور جواب دیکر انہیں ناکام کیا ہے جو قابل تحسین عمل ہے۔ جس کی وجہ سے دہشت......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گردانہ کارروائیوں میں کمی واقع ہوئی ہے آنے والے سال میں پولیس کے استعداد کار بہتر بناتے ہوئے مختلف شعبوں میں بھرتیوں کے عمل کو میرٹ کی بنیاد پر پر کر کے بہتر میکانزم کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں گے۔ پولیس نے 111 سے زائد مسروقہ گاڑیاں 880 موٹر سائیکلیں، 725 مطلوب ملزمان، 4799 اشتہاری ملزمان، 10 عدالت سے سزا یافتہ، اغواء برائے تاوان کے 255 اور 14344 جرائم پیشہ افراد اور مختلف وارداتوں میں ملوث 103 خطرناک گینگز گرفتار کیے۔ پولیس مقابلے میں 74 ملزمان مارے گئے بھاری مالیت کے زیورات، ہزاروں لیٹر ایرانی پیٹرول ڈیزل برآمد کر کے 1110 پٹرول پمپ سیل کیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں میڈیا کو سالانہ بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز بلوچستان حسن اسد علوی اور اے آئی جی آپریشنز بلوچستان کیپٹن (ر) نوید عالم بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ سال نو میں صوبے کے تمام اضلاع میں جرائم پیشہ عناصر بالخصوص خطرناک گینگز، عادی مجرمان اور منظم گروہوں کے خلاف کریک ڈاؤن کو مزید سخت بناتے ہوئے منظم جرائم کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جائیں گے اور زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سماج دشمن عناصر کو پابند سلاسل کیا جائے گا۔ عوام کی سہولت کے لئے کرائم برانچ کا دائرہ کار بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بڑھا کر لوگوں کے لئے مختلف دفاتر قائم کیے جائیں گے تاکہ لوگوں کو ان کی دہلیز پر سہولیات فراہم کی جائیں۔ پولیس میں میرٹ کی بنیاد پر بھرتیاں عمل میں لائی گئیں سیکورٹی ڈویژن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور 1000 پولیس اہلکاروں کو مختلف شخصیات سے سیکورٹی واپس لیکر جہاں پر نفری کم تھی انہیں تعینات کیا گیا ہے اے ٹی ایف کی 1600 سے نفری کو بڑھا کر 3 ہزار کیا جائے۔ 81 تھانوں کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے پر کام کا آغاز کیا جارہا ہے 30 ڈیٹا بیس سینٹر 2026ء میں بنائے جائیں گے۔ اور آئی ٹی کے شعبے کو مزید مستحکم بنایا جائے گا سیف سٹی کا منصوبہ کوئٹہ میں مکمل ہو چکا ہے۔ گوادر اور باقی علاقوں میں مکمل کرلیا جائے گا۔ وفاقی وزارت داخلہ، صوبائی حکومت کی جانب سے بلٹ پروف گاڑیاں دی گئی ہیں پولیس اپنی مدد آپ کے تحت بھی گاڑیاں حاصل کرے گی۔ پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے انہیں دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے پاک فوج سے تربیت دلوا رہے ہیں لیویز سے پولیس میں ضم ہونے والے اہلکاروں کی تربیت کا آج سے پی ٹی سی اور آر ٹی سی خضدار سے آغاز ہورہا ہے اس کے علاوہ نئے بھرتی ہونے والے پولیس کے ریکروٹس کی تربیت پاک فوج کرے گی جس کے تمام اقدامات مکمل کرلئے گئے ہیں سی آئی ڈی انٹیلی جنس ونگ اور دیگر حوالوں سے اہلکاروں کی مختلف شعبوں میں تربیت کے لئے سکولز بنائے جارہے ہیں تاکہ ان کی کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 2 Date 01 JAN 2026 Page No. 19

# کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بارش اور برفباری

## چھت گرنے سے ماں اور 2 بیٹیاں جاں بحق

نشیبی علاقے، اہم شاہراہیں زیرآب، بجلی کا طویل بریک ڈاؤن، گیس بھی غائب، زیارت، کان مہترزئی اور مسلم باغ میں تین سے چار انچ برفباری ہوئی

کوئٹہ/ڈیرہ مراد جمالی (اسٹاف رپورٹر/نامہ نگار) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارشیں اور برفباری کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا، ڈیرہ مراد جمالی میں مکان کی چھت گرنے سے ماں اور دو بیٹیاں جاں بحق، والد، بیٹا اور بیٹی زخمی ہوگئے، کوئٹہ میں موسلادھار بارش سے نشیبی علاقے، اہم شاہراہیں زیرآب آگئیں، بجلی کا طویل بریک ڈاؤن، گیس بھی غائب رہی۔ بدھ کو کوئٹہ میں دوسرے روز بھی جاری رہنے والی بارش سے نشیبی علاقے، اہم شاہراہیں زیرآب آگئیں بارش کا پانی سڑکوں پر کھڑا رہا، 29 فیڈرز کی بندش سے شہر کے اکثر علاقوں کو بجلی کی فراہمی معطل رہی جبکہ گیس پریشر بھی غائب رہا۔ 24 گھنٹوں کے دوران سب سے زیادہ بارش کوئٹہ میں 29 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی، چمن میں 28، پشین میں 18، تربت میں 14، خضدار میں 7 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، پنجگور، گوادر، لسبیلہ، قلات، بارکھان، لورالائی، زیارت، دالبندین، پشین اور قلعہ عبداللہ میں بھی بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ زیارت، کان مہترزئی اور مسلم باغ میں تین سے چار انچ برفباری ہوئی، پشین کے پہاڑی علاقے توبہ کاکڑی اور چمن کے پہاڑی سلسلے توبہ اچکزئی میں بھی برفباری ہوئی۔ کوئٹہ چمن شاہراہ پر کوژک ٹاپ، کوئٹہ قلعہ سیف اللہ، ژوب، ڈیرہ اسماعیل خان اور اسلام آباد کو ملانے والی شاہراہ پر کان مہترزئی اور مسلم باغ کے مقامات پر برفباری کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر رہی اس دوران نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی ٹیمیں مشنری کے ذریعے برف ہٹاتے رہے جبکہ برف کو جمنے سے بچانے کے لیے نمک پاشی بھی کی جاتی رہی۔ محکمہ موسمیات نے بدھ کی رات گئے تک کوئٹہ، پشین، چمن، قلعہ عبداللہ، ژوب، زیارت، قلعہ سیف اللہ، مستونگ اور موسیٰ خیل کے اضلاع میں بارش جبکہ توبہ کاکڑی، توبہ اچکزئی، کان مہترزئی، زیارت، قلعہ عبداللہ، چمن، پشین اور مسلم باغ میں ہلکی شدت کی برفباری جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے جبکہ جمعرات کو بلوچستان کے زیادہ تر حصوں میں موسم صاف ہوجائیگا، کوئٹہ، زیارت، چمن، پشین، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، نوشکی، مستونگ، ژوب اور قلات کے اضلاع میں درجہ حرارت میں تین سے چار درجے سینٹی گریڈ تک کی کمی کا امکان ہے۔ ڈیرہ مراد جمالی سے نامہ نگار کے مطابق وارڈ نمبر 25 میں لانگو محلہ میں بارش کے باعث مکان کی چھت گرنے سے ماں اور اس کی 2 بیٹیاں موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں جبکہ گھر کے سربراہ محمد پناہ اور اس کا بیٹا شدید زخمی ہوگئے واقع کے بعد اہل محلہ نے زخمیوں کو اپنی مدد آپ کے تحت ہسپتال پہنچایا۔

## ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کا کریک ڈاؤن

### گرانفروشی پر 23 افراد گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کا کریک ڈاؤن، گرانفروشی پر 23 افراد گرفتار، 15 کو جیل بھیج دیا گیا 8 دکانیں سیل، 30 غیر قانونی گیس کمپریسرز اور 50 کلوگرام ممنوعہ پلاسٹک تھیلے تحویل میں لے لئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر اے سی سریاب مصور احمد نے جنگ سٹاپ، چالو باوڑی، مشرقی بائی پاس پر قصابوں اور جنرل اسٹوروں کے خلاف کارروائیاں کیں جبکہ اے سی کچلاک نے کچلاک بازار میں بیف، مٹن کی دکانوں اور جنرل اسٹوروں کے خلاف کارروائیاں کیں اسکے علاوہ اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار نے سب ڈویژن صدر میں پرائس کنٹرول اور تجاوزات جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ عمران زیب نے نیو سبزل روڈ کارروائیاں کیں ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ عوامی مفاد کے لیے روزانہ کے بنیاد پر ضلعی انتظامیہ کارروائیاں کر رہی ہے۔

## 2025، خواتین پر تشدد، قتل، جنسی زیادتی اور خودکشی کے 123 واقعات

سنگین نوعیت کے واقعات میں واضح اضافہ، 33 خواتین اور 25 مرد غیرت کے نام پر قتل ہوئے

2 خواتین کی خودکشی، 5 کو ہراسانی، 9 کو گھریلو تشدد، 6 کو جنسی زیادتی اور 11 کو اغوا کیا گیا، رپورٹ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) 2025 میں خواتین پر تشدد، قتل، اغوا، ہراسانی، جنسی زیادتی، گھریلو تشدد اور خودکشی کے 123 واقعات رپورٹ ہوئے عورت فاؤنڈیشن بلوچستان نے 2025 کے دوران صوبے میں خواتین کے خلاف تشدد کی صورتحال پر مبنی سالانہ رپورٹ جاری کردی ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ گزشتہ برس بلوچستان میں خواتین کے خلاف سنگین نوعیت کے تشدد کے واقعات میں واضح اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق خواتین پر تشدد کے 123 واقعات رپورٹ ہوئے، 2025 کے دوران بلوچستان میں مجموعی طور پر 65 خواتین اور 25 مرد قتل ہوئے، جن میں سے 33 خواتین اور 25 مردوں کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 2 خواتین نے گھریلو حالات سے دلبرداشتہ ہوکر خودکشی کی، 5 خواتین کو ہراسانی، 9 کو گھریلو تشدد، 6 کو جنسی زیادتی اور 11 کو اغوا جیسے سنگین جرائم کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ واقعات صوبے کے مختلف اضلاع میں رونما ہوئے، جو صوبائی سطح پر خواتین کے خلاف تشدد کے بڑھتے ہوئے خطرات کی واضح نشاندہی کرتے ہیں۔ سال 2025 میں خواتین اور بچوں کے سہولت مرکز (WJFC) کو بھی بڑی تعداد میں درخواستیں موصول ہوئیں، جن کی مجموعی تعداد 129 رہی۔ ان درخواستوں میں ہراسانی کے 35، گھریلو تشدد کے 37 واقعات رپورٹ ہوئے، 4 خواتین کی گمشدگی، 4 خواتین کو دھمکیاں دیے جانے، 14 خواتین کو بلیک میل کرنے، 1 خاتون کو ڈیجیٹل تشدد اور 8 خواتین کے مالی فراڈ کے کیسز درج کیے گئے۔ پولیس کی جانب سے متاثرہ خواتین کو مشاورت، ابتدائی طبی امداد اور کونسلنگ فراہم کی گئی، جبکہ متعدد کیسز دیگر اضلاع سے بھی رپورٹ ہوئے۔ رپورٹ میں سب سے زیادہ تشویش غیرت کے نام پر قتل (Honour Killing) کے واقعات پر ظاہر کی گئی ہے۔ سال 2025 میں بلوچستان بھر میں غیرت کے نام پر قتل کے 58 واقعات ریکارڈ ہوئے، جن میں جعفرآباد میں 10 واقعات میں خواتین قتل ہوئیں۔ اسی طرح سبی اور لسبیلہ میں 4، نوشکی، خاران، مستونگ اور لورالائی میں 2، جبکہ چاغی میں 1 کیس رپورٹ ہوا۔ گزشتہ چھ سال (2019 تا 2025) کے دوران خواتین کے قتل اور غیرت کے نام پر قتل کے ضلع وار اعداد و شمار بھی شامل کیے گئے ہیں، جن کے مطابق کوئٹہ 103 کیسز کے ساتھ سرفہرست ہے جبکہ نصیرآباد، جعفرآباد، لسبیلہ، سبی، پنجگور اور خضدار میں بھی ایسے واقعات رپورٹ ہوئے۔

## حکومت بلوچستان میں بجلی اور گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائے، عبدالقادر

عوام کو ریلیف دینے کیلئے پی ڈی ایم اے کی ٹیموں کو الرٹ جاری کیا جائے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ہونے والی شدید بارش اور برفباری کے دوران مختلف علاقوں میں گیس کے پریشر میں کمی اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے باعث شہریوں کی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، حکومت پی ڈی ایم اے کی ریسکیو اور ریلیف ٹیموں کو الرٹ جاری کرے تاکہ وہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت حال میں بروقت دستیاب ہوسکیں، موسم کی شدت کے سبب حکومت بجلی اور گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائے تاکہ لوگوں کی مشکلات میں کمی واقع ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہے کہ ایسے شدید موسم میں گھروں کے اندر درجہ حرارت برقرار رکھنے کے لیے گیس کا پریشر برقرار رکھا جائے اور خشک لکڑیوں کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔

## پانچوں ہائیکورٹس میں 40 ایڈیشنل ججوں کی مستقلی، جوڈیشل کمیشن کے 5 اجلاس طلب

12 جنوری کو بلوچستان، 13 کو سندھ، 14 کو پشاور، 15 جنوری کو لاہور ہائیکورٹ کے ججوں کی مستقلی پر غور کیا جائیگا

اسلام آباد (رپورٹ: رانا مسعود حسین) چیف جسٹس پاکستان، مسٹر جسٹس جسٹس یحییٰ آفریدی نے پانچوں ہائیکورٹس میں 40 ایڈیشنل ججوں کی مستقلی، جوڈیشل کمیشن کے پانچ اجلاس طلب، 12 جنوری کو بلوچستان، 13 کو سندھ، 14 جنوری کو پشاور، 15 جنوری کو لاہور ہائیکورٹ کے ججوں کی مستقلی پر غور کیا جائیگا۔ جوڈیشل کمیشن کے سیکرٹری نیاز محمد خان کے دستخطوں سے جاری سرکولرز کے مطابق چیف جسٹس نے 12 جنوری 2026 کو جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کیا جس میں بلوچستان ہائی کورٹ کے دو ایڈیشنل ججوں جسٹس ایوب خان اور جسٹس نجم الدین مینگل کو مستقل کرنے پر غور کیا جائے گا، 13 جنوری کو اجلاس میں سندھ ہائی کورٹ کے 12 ایڈیشنل ججوں جسٹس میران محمد شاہ، جسٹس مس تسنیم سلطانہ، جسٹس ریاضت علی سحر، جسٹس محمد حسن (اکبر)، جسٹس خالد حسین شاہانی، جسٹس عبدالحمید بھرگڑی، جسٹس سید فیاض الحسن شاہ، جسٹس جان علی جونیجو، جسٹس نثار احمد بھنبھرو، جسٹس علی حیدر ادا، جسٹس محمد عثمان اور جسٹس محمد عثمان کو مستقل کرنے پر غور کیا جائے گا، 14 جنوری کو اجلاس میں پشاور ہائی کورٹ کے 10 ایڈیشنل ججوں، جسٹس محمد طارق آفریدی، جسٹس عبدالفیاض، جسٹس فرح جمشید، جسٹس انعام اللہ خان، جسٹس ثابت اللہ خان، جسٹس صلاح الدین، جسٹس صادق علی، جسٹس سید مدثر امیر، جسٹس اورنگزیب اور جسٹس قاضی جواد احسان اللہ کی مستقلی پر غور کیا جائے گا، اسی طرح 15 جنوری کو منعقدہ اجلاس میں لاہور ہائی کورٹ کے 13 ایڈیشنل ججوں، جسٹس حسن نواز مخدوم، جسٹس ملک وقار حیدر اعوان، جسٹس سردار اکبر علی، جسٹس سید احسن رضا کاظمی، جسٹس ملک جاوید اقبال وائنس، جسٹس محمد جواد ظفر، جسٹس خالد اسحاق، جسٹس ملک محمد اویس خالد، جسٹس چوہدری سلطان محمود، جسٹس راجہ غضنفر علی خان، جسٹس تنویر احمد شیخ، جسٹس طارق محمود باجوہ اور جسٹس محترمہ ابہیر گل خان کی مستقلی پر غور کیا جائے گا، اس حوالہ جوڈیشل کمیشن کے متعلقہ اراکین کو اجلاسوں کے انعقاد سے آگاہ کردیا۔

## محکمہ اطلاعات کے زیراہتمام ہاکرز میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم

ہاکرز کی فلاح وبہبود ہماری ترجیحات میں شامل ہیں، سیکرٹری اطلاعات عمران خان

کوئٹہ (خ ن) محکمہ اطلاعات حکومت بلوچستان کے زیراہتمام ہاکرز میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم کرنے کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی اس تقریب کا مقصد ہاکرز کی معاشی مشکلات میں کمی لانا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا تھا تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری اطلاعات عمران خان تھے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان نور محمد کھیتران، ڈائریکٹر سعید احمد شاہوانی، ہاکر ایسوی ایشن کے صدر، جنرل سیکرٹری میر احمد بلوچ اور دیگر عہدیداران کے علاوہ ڈی جی پی آر کے افسران اور عملے نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا کہ حکومت ہاکرز کی فلاح وبہبود کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے حکومت ہاکرز کو درپیش مسائل، بشمول روزگار کے مواقع، معاشی استحکام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے ڈی جی پی آر بلوچستان نور محمد کھیتران نے اپنے خطاب میں کہا کہ محکمہ اطلاعات ہاکرز کے مسائل کے حل کے لیے ان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور مستقبل میں بھی ایسے فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا ہاکرز انتہائی ناساعد حالات میں بھی محنت، ایمانداری اور نیک نیتی سے اپنا کام سرانجام دے رہے ہیں جو معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے انہوں نے بتایا کہ آئندہ مرحلے میں ہاکرز میں موٹر سائیکلوں کی تقسیم کا پروگرام بھی تجویز کیا گیا ہے میر احمد بلوچ نے حکومت بلوچستان، سیکرٹری اطلاعات اور ڈی جی پی آر کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس قسم کے اقدامات سے ہاکرز کا حکومت پر اعتماد مزید مضبوط ہوگا اور وہ پہلے سے زیادہ دلجوئی کے ساتھ اپنا کام انجام دے سکیں گے تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز نور محمد کھیتران نے ہاکرز میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم کیے جس پر شرکاء نے حکومت بلوچستان کے اس اقدام کو سراہا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No 2 Date 01 JAN 2026 Page No. 20


# کوہلو کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، کمانڈنٹ میوند بریگیڈ

ترقیاتی منصوبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں بی ایس ڈی آئی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا، کرنل فاروق

بی شاہراہ پر بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت جاری ترقیاتی کام کے معائنے کے دوران گفتگو

کوہلو (نمائندہ مشرق) کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل فاروق اشرف نے کہا کہ کوہلو کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبے بروقت، شفاف اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔ ناقص یا غیر معیاری تعمیراتی کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوہلو۔ بی شاہراہ پر بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت جاری ترقیاتی کام کے معائنے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر روڈ انجینئر محبت خان مری اور کنٹریکٹر میر شمشیر علی مری نے منصوبے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جس میں کام کی رفتار، معیار، استعمال ہونے والے میٹریل اور منصوبے کی تکمیل کے مقررہ ٹائم فریم سے آگاہ کیا گیا۔ کمانڈنٹ میوند بریگیڈ نے منصوبے کے مختلف حصوں کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے جاری کام پر اطمینان کا اظہار کیا، تاہم انہوں نے متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایت کی کہ تعمیراتی میٹریل کے معیار، پیمائش اور تکنیکی اصولوں پر کسی بھی مرحلے پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر کسی بھی مقام پر ناقص، غیر معیاری یا سست روی کا شکار کام نظر آئے تو اس کی فوری نشاندہی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر کوہلو یا متعلقہ حکام کو کریں تاکہ ذمہ داروں کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ کرنل فاروق اشرف نے کہا کہ کوہلو۔ بی شاہراہ کی تعمیر سے نہ صرف دونوں اضلاع کے درمیان سفری سہولت میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، علاقائی رابطہ مضبوط ہوگا اور عوام کو براہ راست معاشی و سماجی فوائد حاصل ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور پاک فوج عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو اولین ترجیح دیتی ہیں اور اس ضمن میں کسی بھی قسم کی کوتاہی، غفلت یا بدعنوانی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ونگ کمانڈر طلحہ علی خان بھی کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کے ہمراہ موجود تھے۔

## ڈی سی زیارت کی زیر صدارت ونٹر کنٹیجنسی پلان کے سلسلے میں اجلاس

مین روڈ زیارت کی لنک روڈوں کو برف باری کے دوران کھلا رکھیں، ریاض داوڑ

ہسپتالوں میں کسی بھی غیر معمولی صورتحال میں ڈاکٹرز، مددگار سٹاف الرٹ رہیں

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت زیارت میں برف باری ونٹر کنٹیجنسی پلان کے سلسلے میں افسران کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سجاد الرحمان، ڈپٹی کنزرویٹر حبیب کاکڑ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت منیر احمد ترین ایس ڈی قادر وزیر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد صدیق وزیر، ایس ڈی او شمیم الرحمٰن، ڈاکٹر عجب خان، تحصیلدار نور احمد کاکڑ، سب انجینئر احسان اللہ نے شرکت کی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے بی اینڈ آر کے افسران کو ہدایت کی کہ مین روڈ زیارت کی لنک روڈوں کو برف باری کے دوران کھلا رکھیں، ہسپتالوں کے انچارج کسی بھی غیر معمولی صورتحال میں اپنے ڈاکٹرز اور مددگار سٹاف کو الرٹ رکھیں، تمام افسران اپنے جائے تعیناتی پر موجود رہے اپنے مشینری کو مکمل الرٹ رکھیں عوام اور باہر سے آنے والوں سیاحوں کا خاص خیال رکھیں تمام افسران کو جو ذمہ داری سونپی گئی ہے ان کو ایمانداری سے ادا کریں۔

## گوگل میپ سے پانی چوری کرنے والوں کی نشاندہی کی جائے گی، کمشنر نصیر آباد

غیر قانونی طریقوں سے پانی چوری کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے

ربیع کینال، پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال کی جدید خطوط پر مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے گا

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت محکمہ اریگیشن کے افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی، سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر کیرتھر کینال غلام مصطفیٰ چانڈیو، سب ڈویژنل آفیسر پٹ فیڈر کینال امان اللہ کاجانی، سب ڈویژنل آفیسر اریگیشن ڈرینج ذیشان علی جمالی شریک ہوئے جبکہ ڈپٹی کمشنر جعفر آباد، صحبت پور اور استا محمد نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن مدثر ظفر کھوسہ نے پٹ فیڈر کینال، کیرتھر کینال، اریگیشن ڈرینج اور دیگر ذیلی شاخوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پٹ فیڈر کینال 206 کلومیٹر پر محیط ہے، پٹ فیڈر کینال کی 11 جبکہ کیرتھر کینال کی 13 شاخیں ہیں، اس کے علاوہ شاہی واہ سے اوچ شاخ، مانجھوٹی شاخ اور اوچ لنک کے ذریعے بھی زرعی اراضی سیراب کی جاتی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ محکمہ اریگیشن کی بدولت نصیر آباد ڈویژن بلوچستان کا گرین بیلٹ کہلاتا ہے تاہم غیر قانونی طریقوں سے پانی چوری کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے، ربیع کینال، پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال کی جدید خطوط پر مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے گا اور گوگل میپ کے ذریعے پانی چوری کرنے والوں کی نشاندہی کی جائے گی، یہ اقدام کمانڈ ایریا کے حقدار زمینداروں کے وسیع تر مفاد میں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی نے بھی نصیر آباد میں منعقدہ جرگے کے دوران کاشتکاروں کو یقین دہانی کروائی تھی کہ کینال سسٹم کی مکمل بحالی اور حقدار زمینداروں کو زرعی پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No 2 Dated 01 JAN 2026 Page No. 21

# سیکورٹی خدشات پاکستان سے ایران جانے والی فریٹ ٹرین کا افتتاح ملتوی

## تیاریاں مکمل تھیں لیکن سیکورٹی کلیئرنس نہ ملنے پر ٹرین سروس کا باقاعدہ آغاز نہیں ہو سکا' ریلوے کوئٹہ ڈویژن

### ٹرین نے اسلام آباد سے سبی کے راستے سپیزنڈ نوشکی دالبندین سے ہوتے ہوئے میر جاوا کے راستے ایران میں داخل ہونا تھا: ذرائع

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکورٹی خدشات کے باعث اسلام آباد سے براستہ تہران استنبول جانے والی ٹرین کا افتتاح ملتوی کر دیا گیا۔ ریلوے حکام نے بتایا کہ محکمہ ریلویز نے اسلام آباد تہران اور استنبول فریٹ ٹرین سروس 31 دسمبر 2025 سے شروع کرنے کا اعلان کیا تھا اس ٹرین کو اسلام آباد سے روانہ ہو کر سبی کے راستے سپیزنڈ جنکشن پہنچنا تھا جہاں سے اس ٹرین نے نوشکی، دالبندین سے ہوتے ہوئے میر جاوا میں ایران میں داخل ہونا تھا۔ محکمہ ریلویز کوئٹہ کے حکام نے کوئٹہ ڈویژن میں ٹرین کی آمد کے سلسلے میں تیاریاں مکمل کر دیں تھیں فریٹ ٹرین کی روانگی سے ایک

بقیہ نمبر 43 صفحہ 5 پر

روز قبل سیکورٹی کلیئرنس نہ ملنے کی وجہ سے ٹرین سروس کا آغاز ملتوی کر دیا گیا ہے۔

# پرائیویٹ ایئر لائن بلوچستان کی اہم ضرورت' ماہر ایوی ایشن

### محسن جمیل کی ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ کے عہدیداروں سے ملاقات' مختلف امور پر غور

کوئٹہ (آن لائن) ماہر ایوی ایشن محسن جمیل نے کہا ہے کہ بلوچستان سے پرائیویٹ ایئر لائن شروع کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس سلسلے میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان

بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

کے عہدیداران و ممبران کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے، وہ آگے آئیں اور سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی کی طرز پر صوبے میں پرائیویٹ ایئر لائن شروع کریں جو بزنس کمیونٹی اور عوام کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران ماہر ایوی ایشن اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران و ممبران نے پرائیویٹ ایئر لائن کے خدوخال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور اس سلسلے میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا اور اس بابت ملاقاتوں کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے پیٹرن ان چیف حاجی غلام فاروق خلجی، صدر حاجی محمد ایوب مریانی، نائب صدر انجینئر میر واثق خان کاکڑ و دیگر نے کہا کہ عدالت عالیہ بلوچستان کی جانب سے بھی ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کو صوبے سے پرائیویٹ ایئر لائن شروع کرنے سے متعلق ہدایات جاری کی گئی اور ان کی خواہش اور کوشش ہے کہ صوبے سے پرائیویٹ ایئر لائن کو شروع کیا جائے تاکہ صوبے کی بزنس کمیونٹی اور عوام کو معیاری سفری سہولیات کے حصول میں درپیش مشکلات کا خاتمہ کیا جا سکے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No 3 — Date 01 JAN 2026 — Page No. 22

# ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر مالک

## شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے جامع، موثر اور دیرپا منصوبہ بندی ناگزیر ہے، گفتگو

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تربت میں اربن اینڈ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا۔ انہوں نے انجینئر شعیب سعید نے انہیں شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دیں کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، اعلیٰ معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچنا چاہیے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ناقابل قبول ہوگی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا کہنا تھا کہ شہریوں کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے جامع، موثر اور دیرپا منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔

# بارش نے ترقی کے حکومتی تمام دعوؤں کی قلعی کھول دی، جمعیت

## بجلی اور گیس کی بندش کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن ہوگئی، مولانا عبدالرحمٰن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا محب اللہ، حافظ شبیر احمد مدنی، مولانا حفیظ اللہ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ، حاجی ولی محمد بڑیچ، مفتی سعید احمد، مفتی روزی خان بادیزئی، مفتی اللہ مینگل، مولانا محمد عارف شمشیر، مفتی رشید احمد، مولانا سعد اللہ آغا، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رضا خان، حاجی عطاء محمد شمشوزئی اور دیگر نے بارش کے بعد کوئٹہ میں بدترین صورتحال پر تشویش کا اظہار صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ معمولی بارش نے ایک بار پھر ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کے ترقی کے تمام دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے۔ نالیوں کی بندش، سڑکوں پر کچروں کے ڈھیر، تعفن، گندگی اور سیوریج کے پانی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی لیکن ذمہ دار ادارے محض تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس پریشر میں خطرناک حد تک کمی اور عدم دستیابی نے عوام کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کردیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر شہر بھر میں نالیوں کی صفائی، کچرے کے ڈھیر اٹھائے، بجلی اور گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی اور ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔

# نئے سال میں باہمی اتحاد اور مثبت سوچ کیساتھ آگے بڑھنا ہوگا، جمال شاہ کاکڑ

## دعا ہے یہ پاکستان کے لیے امن، استحکام، معاشی بہتری اور قومی یکجہتی کا سال ثابت ہو، پیغام

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ نیا سال نئی امیدوں، نئے عزم اور ترقی وخوشحالی کے نئے مواقع لے کر آتا ہے، دعا ہے کہ نیا سال پاکستان کے لیے امن استحکام، معاشی بہتری اور قومی یکجہتی کا سال ثابت ہو، پاکستان مسلم لیگ (ن) عوام کی خدمت، جمہوری اقدار کے فروغ اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے کے لیے پرعزم ہے۔ نئے سال کی آمد کے موقع پر ایک پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں نئے سال میں باہمی اتحاد، برداشت اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا تاکہ ملک وصوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے، انہوں نے شہداء اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انکی قربانیوں کی بدولت ہم امن کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

# پی ایم ڈی سی کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، پشتونخوا میپ

## فارم 47 کی مسلط حکومت کی جانب سے بیروزگاری میں اضافے کیخلاف احتجاج کرینگے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پی ایم ڈی سی کی نجکاری کی سازشوں اور ملازمین کو بیروزگار کرنے کے اقدامات کی پارٹی شدید مذمت کرتی ہے، یہ نجکاری کسی صورت قبول نہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی مسلط حکومت کی جانب سے بیروزگاری میں مزید اضافے اور پی ایم ڈی سی جیسے منافع بخش ادارے کی نجکاری کی صورت میں پارٹی عوام کی تائید وحمایت سے احتجاج پر مجبور ہوں گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نجات دلانے، آئین کی بالادستی، ملک کے تمام اداروں کو آئین کا پابند بنانے، سیاست میں مداخلت سے دور رکھنے، پارلیمنٹ کی خودمختاری، قوموں کی برابری کے لئے حقیقی جمہوری فیڈریشن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ موجودہ وزیر وزورکی مسلط حکومت فوری مستعفی ہو اور خودمختار الیکشن کمیشن کے تحت ملک میں ازسرنو صاف شفاف انتخابات کا انعقاد کیا جائے اور ملک کی تمام سیاسی جمہوری قوم اور وطن دوست پارٹیوں جمہوریت پسند قوتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنا مثبت وتعمیری کردار ادا کرے۔

# عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، ہدایت الرحمٰن بلوچ

## بارش کے بعد نکاسی آب اور صفائی کے موثر انتظامات کئے جائیں، گوادر کے مختلف علاقوں کا دورہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر کے مختلف علاقوں ملا فاضل چوک لیڈیز بازار، شاہین چوک اور گردونواح کے علاقوں کا دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے حالیہ بارشوں کے بعد شہر میں پیدا ہونے والی صورتحال، نکاسی آب کے نظام اور صفائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو فوری طور پر صورتحال کی بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر حاجی ہوت سیف اللہ، ثناء اللہ، عثمان، وسیم صمد، ساجد اجتان اور دیگر کے ہمراہ تھے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے، بارشوں کے بعد نکاسی آب اور صفائی کے موثر انتظامات نہایت ضروری ہیں تاکہ شہریوں کو مشکلات سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے گوادر میونسپل کارپوریشن کو ہدایت کی کہ صفائی اور نکاسی آب کے کاموں میں مزید تیزی اور بہتری لائی جائے۔ بعدازاں مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ایکسین کیسکو حسین بخش سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں گوادر میں بجلی کی ترسیل کو مزید بہتر بنانے، آئندہ موسم گرما سے قبل کم از کم لوڈشیڈنگ یقینی بنانے اور فالٹس میں کمی کے لیے پیشگی تیاریوں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

# کوئٹہ چوروں، ڈاکوؤں اور منشیات فروشوں کی آماجگاہ بن چکا، جمعیت ن

## عوام غیر محفوظ، پولیس حالات کنٹرول کرنے میں ناکام ہوچکی ہے، قاری مہر اللہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی) بلوچستان کے کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ اور جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر چوروں، ڈاکوؤں اور منشیات فروشوں کی آماجگاہ بن چکا ہے، دن دیہاڑے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں سے عوام کی عزتیں، جان و مال سب کچھ داؤ پر لگ چکا ہے، گن پوائنٹ پر عوام کو موٹر سائیکلوں، گاڑیوں اور نقدی سے محروم کیا جارہا ہے اور پولیس حالات پر قابو پانے میں مکمل ناکام ہوچکی ہے۔ عوام مکمل طور پر غیر محفوظ ہوگئے ہیں اور حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اور عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

# عالم اسلام میں جاری بدامنی امریکی جارحیت کا تسلسل ہے، مولانا لونی

## مسلسل بدامنی اور عدم استحکام سے امت مسلمہ کا سیاسی ومعاشی استحصال کیا جارہا ہے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، سیکرٹری جنرل مفتی نیع الدین نائب امیر مولانا عبدالرؤف، جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ عالم اسلام میں جاری بدامنی و فساد امریکی جارحیت کا تسلسل ہے، مذموم عزائم اور نام نہاد دہشت گردی کے جنگ کے نام پر عالم اسلام کا امن برباد کردیا گیا ہے۔ اب مزید بدامنی پیدا کی جارہی ہے ایسے میں عالم اسلام کے حکمرانوں کی بے حسی اور بے بسی سے اسلامی ممالک کا امن بہت بڑے خطرے سے دوچار ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل بدامنی اور عدم استحکام سے امت مسلمہ کا سیاسی ومعاشی استحصال کیا جارہا ہے، امریکہ مسلسل مسلم ممالک کے مابین تعلقات کو خراب اور برادر ممالک کے درمیان دوریاں پیدا کرنے کیلئے سازشیں کررہا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bulet No. 3 Dated 01 JAN 2026 Page No. 23

# بلوچستان حکومت ملازمین کیخلاف انتقامی کارروائی سے باز رہے، مولانا عبدالواسع

## صوبائی حکومت ملازمین سے اپنے کیے گئے وعدوں کو پورا کرتے ہوئے انہیں DRA الاؤنس فوری ادا کرے، صوبائی امیر

## حکومت نے پی آئی اے کو صرف 135 ارب میں بیچ دیا اب دیگر اہم قومی اداروں کو بھی فروخت کرکے اپنی نااہلی کو ثابت کررہی ہے

## 76 سال میں کبھی مدرسے کا فاضل عالم دین صدر یا وزیراعظم نہیں بنا اس لئے ملک کی نیا ڈوبنے کی ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہوتی

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ملک میں نجکاری کے نام پر حکومت نے پی آئی اے کو صرف 135 ارب میں بیچ دیا اب دیگر اہم قومی اداروں......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کو بھی فروخت کرکے اپنی نااہلی کو ثابت کررہی ہے یہ سب کچھ IMF کے کہنے پر اس پر عمل کیا جارہا ہے اس عمل سے بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ لورالائی میں مقامی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکمرانوں سے اگر حکومت نہیں چل رہی تو کم از کم حکومت اخلاقی طور پر حکمرانی سے الگ ہوجائیں ہم سینٹ سمیت دیگر فورمز پر اسکے خلاف آواز ضرور اٹھائیں گے بلوچستان حکومت ملازمین سے اپنے کیے وعدے پر عمل کرتے ہوئے DRA ادا کرے اور انتقامی کارروائی سے باز رہے۔ انہوں نے کہا کہ 76 سالہ تاریخ میں کبھی مدرسے سے فارغ شدہ عالم دین صدر وزیراعظم یا آرمی چیف نہیں بنا تو اسلئے ملک کو قرضوں اور کرپشن میں ڈبونے کی ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہوتی بلکہ انگلش میڈیم کے پڑھنے والوں نے ملک کو کنگال رکھنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے صرف دو سال میں 53300 ہزار تین سو کی مالی کرپشن کی جسکی آئی ایم ایف نے اپنے حالیہ رپورٹ میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کا دامن ہر قسم کی کرپشن سے پاک ہے دینی مدارس اسلام کی چھاونیاں ہیں اور علماء وطلباء کے اسکے پہرادار ہیں اگر مدارس اور علماء نہ ہوتے تو پورا دین ہم تک کبھی نہیں پہنچتا حکومت وقت مدارس میں مداخلت بند کریں ہم دین کی حفاظت کرتے رہے گے ہم پر آج بھی حق دیکھ کی پابندی لگائی جاتی ہے اور آزادی سے محروم رکھا جارہا ہے ہم غلام نہیں بلکہ ایک آزاد قوم ہیں ہم انگریزوں کے بوٹ پالش کرنے والوں کے ناپاک عزائم کامیاب نہیں ہونے دیںگے اب 28 ویں آئینی ترمیم کو لانے کی بات کو ہم 73 کے آئین کے روح کے منافی سمجھتے ہیں جسکی مخالفت کرینگے

INTEKHAB QUETTA

# حکمرانوں کو عوامی مسائل ومشکلات سے سروکار نہیں' بی این پی

## ملازمین کے مطالبات تسلیم نہ کرنا معاشی قتل کے مترادف' احتجاج آئینی وقانونی حق ہے' آغا حسن

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عوامی مشکلات میں اضافہ حکمرانوں کی ناکامی ہے موجودہ حکمران بلوچستان بقیہ نمبر 83 صفحہ 5 پر

کے ہر طبقہ فکر کے ساتھ ناانصافیاں برت رہے ہیں جس کی وجہ سے بلوچستانی عوام معاشی تنگ دستی، معاشی بدحالی اور سماجی مشکلات کا شکار ہیں جو حکمران طبقہ کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے بلوچستان کے سرد علاقوں کے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں تھا تھی، جھوٹے من گھڑت بیانات تو حکومتی مشتے دیتے ہیں لیکن عملی طور پر بلوچستان کو مزید پسماندگی کی جانب دھکیلا جارہا ہے فارم 47 کے حکمران عوامی نہیں انہیں عوام کے احساسات، جذبات، مشکلات سے کوئی سروکار نہیں بلوچستان نیشنل پارٹی سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں مل کر عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے بلوچستان کے ملازمین کو ریلیف دینے کا سہرا پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کو جاتا ہے جنہوں نے متوسط طبقہ کو چالیس فیصد الاؤنس دیا جو اس دور کے مطابق عوامی ریلیف تھا جس سے آج تک محنت کش عوام مستفید ہو رہے ہیں بی این پی عملی طور پر محنت کشوں، ملازمین، مڈل کلاس کی نمائندہ جماعت ہے پارلیمان میں بیٹھے افراد کے قول وفعل میں تضاد ہے عوام کا اعتماد فارم 47 کے حکمرانوں پر نہیں رہا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated 01 JAN 2026 Page No. 24

## ڈیرہ مراد جمالی، سیکورٹی اہلکاروں پر فائرنگ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں نامعلوم افراد نے قومی شاہراہ پر کے مقام پر سیکورٹی فورسز پر جدید اسلحہ سے فائرنگ شروع کردی سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہوگئے تاہم فائرنگ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

INTEKHAB QUETTA

## تربت، لاپتہ افراد کا دوبارہ سی پیک شاہراہ پر دھرنا، ٹریفک معطل

### انتظامیہ کی یقین دہانی پر احتجاج موخر کیا لیکن کوئی پیشرفت نہیں ہوئی، مظاہرین

تربت (بیورورپورٹ) تجابان میں چار لاپتہ افراد کے اہل خانہ نے انتظامیہ کی جانب سے معاہدے کی خلاف ورزی کے خلاف تجابان کے مقام پر ایک مرتبہ پھر سی پیک شاہراہ

بقیہ نمبر46 صفحہ 5 پر

بلاک کردی، حب چوکی سے جبری طور پر لاپتہ ہونے والی ساجی اور خیرنساء جبکہ تجابان سے جاوید بلوچ کی گمشدگی کے خلاف اہل خانہ نے احتجاج کرتے ہوئے سی پیک شاہراہ کو تجابان کرکی کے مقام پر بلاک کردیا احتجاجی دھرنے کے باعث تربت کوئٹہ، پنجگور ہوشاپ کراچی آواران شاہراہ پر ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی، مظاہرین کا کہنا ہے کہ ان کے پیاروں کو لاپتہ کیا گیا ہے اور تاحال ان کے بارے میں کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئیں، ایک ہفتہ قبل ہم نے انتظامیہ کی یقین دہانی پر اپنا احتجاج موخر کردیا تھا۔

## خضدار سے مسروقہ موٹرسائیکل برآمد ہونے پر ملزم گرفتار

خضدار (بیورورپورٹ) ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر، ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دہوار کے حکم پر ڈی ایس پی سٹی محمد رفیق مینگل کی سربراہی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف مہم میں ایس ایچ او سٹی منیر عالم جنگ و ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم علی احمد کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹرسائیکل قبضے میں لے لی۔

## صحبت پور کے قریب ٹرانسفارمر چوری ہوگیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود گوٹھ مراد علی کھوسو میں گزشتہ شب چور ایک سو کے وی ٹرانسفارمر چوری کرکے فرار ہوگئے۔

## پشین میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پشین (آئی این پی) پشین کے علاقے منزری گلی طوطی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا ہے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے رحمت اللہ ولد برکت نامی شخص کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے مقتول کی نعش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردیا گیا ہے جبکہ واقعہ کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کی جارہی ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی میں مسلح افراد شہری سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں ڈکیتی کی واردات مسلح افراد نے ایک شخص سے پچاس ہزار روپے نقدی

بقیہ نمبر13 صفحہ 5 پر

اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود یکپاسی مسجد کے قریب تین مسلح نقاب پوش افراد نے اسلحے کے زور پر نصیب اللہ سیال سے پچاس ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔

## ڈھاڈر کے قریب ڈاکوؤں نے مسافروں کو لوٹ لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بی ڈھاڈر قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی مسافروں سے لوٹ مار لاکھوں روپے اور درجنوں

بقیہ نمبر14 صفحہ 5 پر

قیمتی موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق بی ڈھاڈر اور بی کے درمیانی علاقے گوکی پلی قومی شاہراہ پر گزشتہ شب ڈاکو جن کی تعداد پانچ سے چھ افراد بتائی جاتی ہے جدید اسلحے کے زور پر روڈ پر ناکہ لگا کر متعدد چھوٹی بڑی گاڑیوں کے مسافروں سے لوٹ مار کرتے رہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No 5 Date 01 JAN 2026 Page No 25

## بسیمہ: کلی قیصر آباد کا ٹرانسفارمر جل کر ناکارہ، علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا

بسیمہ (نامہ نگار) کلی قیصر آباد کا ٹرانسفارمر جل کر ناکارہ، علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا، مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا، ایم پی اے سے نیا ٹرانسفارمر فراہم کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق بسیمہ کے گنجان آباد علاقے شمالی قیصر آباد میں نصب 50 کے وی کا ٹرانسفارمر مسلسل اوور لوڈ کے باعث جل کر ناکارہ ہو گیا جس کے باعث علاقہ تین روز سے مکمل تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے مکینوں کے مطابق یہ ٹرانسفارمر بار بار خراب ہونا معمول بن چکا تھا جس سے درجنوں گھرانے متاثر ہوتے رہے اب بجلی نہ ہونے سے حالیہ بارشوں اور شدید سردی میں عوامی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے مکینوں نے ایم پی اے حاجی زاہد علی ریکی سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نیا ٹرانسفارمر فراہم کر کے بجلی بحال کی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## چاغی، پی ٹی سی ایل اور یوفون کی سروس سے شہری پریشان

### بیک اپ نہ ہونے کی وجہ سے نیٹ ورک کا مسئلہ روز کا معمول بن گیا، مسئلہ فوری حل کیا جائے، عوامی حلقے

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر میں یوفون اور پی ٹی سی ایل کا بیک اپ نہ ہونے کی وجہ سے یوفون نیٹ ورک دن اور رات بھر غائب رہتا ہے، بجلی لوڈشیڈنگ کے ساتھ ہی پی ٹی سی اور یوفون نیٹ ورک بھی غائب ہو جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چاغی شہر میں بجلی لوڈشیڈنگ کے ساتھ یوفون نیٹ ورک اور پی ٹی سی ایل بھی غائب رہتا ہے، بیک اپ نہ ہونے کی وجہ سے تاجر برادری اور صارفین کو ذہنی کوفت کا شکار ہو گئے، اکثر سم کارڈ استعمال کرنے والے اپنے یوفون نیٹ ورک کو دیگر کمپنیوں میں منتقل کر رہے ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ چاغی میں یوفون اور پی ٹی سی ایل کے نیٹ ورک کی خرابی روز کا معمول بن گئی، عوامی حلقوں نے یوفون اور پی ٹی سی ایل کمپنی کے حکام سے اپیل کی ہے کہ چاغی شہر میں یوفون اور پی ٹی سی ایل نیٹ ورک کو درست کیا جائے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily MEEZAN QUETTA
Bullet No. 6
01 JAN 2026 Page No. 26

## بلوچستان میں دہشتگردی کیخلاف جنگ؛
## 827 افراد جاں بحق، 745 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان میں سال 2025 کے دوران دہشتگردی کے واقعات میں شدت دیکھی گئی، جس میں صوبے بھر میں 940 واقعات رونما ہوئے اور 827 افراد جاں بحق ہوئے۔ صوبائی حکومت کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق، ہلاکتوں میں 287 سیکورٹی اہلکار اور 440 شہری شامل ہیں، جبکہ 1349 افراد مختلف حملوں میں زخمی ہوئے۔ دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں 745 دہشتگرد ہلاک کیے گئے۔ سیکورٹی فورسز اور سی ٹی ڈی کے 78 ہزار آپریشنز میں کامیابی حاصل کی گئی۔

**واقعات کی نوعیت:** رپورٹ کے مطابق، صوبے میں 6 خودکش حملے، متعدد فائرنگ اور بم دھماکے، نیز آئی ای ڈی، دستی بم، راکٹ اور بارودی سرنگوں کے درجنوں حملے ریکارڈ کیے گئے۔ ان میں بم دھماکوں کے 265، دستی بم حملوں کے 213، سرکاری عمارتوں کو آگ لگانے کے 93، ریلوے ٹریک پر 27 حملے شامل ہیں۔

**متاثرہ اضلاع:**

سب سے زیادہ واقعات تربت (109)، قلات (88)، اواران (75)، کوئٹہ (65)، مستونگ (57) اور پنجگور (43) میں رپورٹ ہوئے۔

**دیگر نشانے:**

دہشتگردوں نے گیس پائپ لائنز پر 8 حملے کیے، آبادکاروں پر 27 واقعات کیے، پولیو ٹیموں پر 3 حملے کیے گئے، اور موبائل ٹاورز کو 27 بار نشانہ بنایا گیا۔

**سیکورٹی فورسز کی کارکردگی:**

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ پولیس نے رواں سال بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور متعدد حملوں کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی کیپیسٹی بلڈنگ پر توجہ دی جا رہی ہے، اور محکمے کو مزید وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں۔

**حکومتی اقدامات:**

- پولیس کو بلٹ پروف گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں۔
- اے ٹی ایف الاؤنس میں اضافہ کیا گیا ہے۔
- پولیس کو جدید اسلحہ سے لیس کیا جا رہا ہے۔
- کوئٹہ کی سیکیورٹی کے لیے خصوصی پلان ترتیب دیا گیا ہے۔
- سیف سٹی منصوبہ آخری مراحل میں ہے۔

آئی جی پولیس نے مزید کہا کہ پولیس میں میرٹ پر فیصلے کیے جا رہے ہیں، ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، اور احتساب برانچ قائم کی گئی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No. 6 | Date 01 JAN 2026 | Page No. 27

# 2025 میں بلوچستان حکومت کی کارکردگی، گورننس سمیت دیگر چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی ہم آہنگی ناگزیر!

2025 بلوچستان حکومت کی مجموعی کارکردگی کے لحاظ سے اہم اقدامات، بعض نمایاں کامیابیوں اور چند شعبوں میں ست روی کا سال رہا۔ حکومت نے تعلیم، ٹرانسپورٹ، شہری ترقی، روزگار، زراعت اور فلاحی منصوبوں میں متعدد اقدامات کیے جس سے بلوچستان کی سماجی و معاشی صورتحال پر مستقبل میں مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ سال 2025 میں حکومت بلوچستان نے کوئٹہ میں سفری سہولیات کو بہتر بنانے کیلئے گرین بس منصوبے میں توسیع کی اور 12 نئی بسیں شامل کیں جبکہ خواتین کی محفوظ سفری ضرورت کے پیشِ نظر 5 پنک بسوں کے ساتھ خصوصی سروس کا آغاز کیا۔ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پلان کے تحت شہر کی مرکزی اور اہم سڑکوں کو کشادہ کیا گیا، غیر قانونی پارکنگ ختم کی گئی، ٹریفک کا بہاؤ بہتر ہوا اور شہر کی مجموعی خوبصورتی میں واضح اضافہ دیکھا گیا۔ حکومتی اداروں نے شہر کے اندر اور اطراف میں بڑھتی ہوئی اسمگلنگ کے خلاف بھی مؤثر کارروائیاں کیں، متعدد اسمگل شدہ اشیاء ضبط کی گئیں اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی تیز کی گئی، جس سے غیر قانونی تجارت میں کمی آئی۔ تعلیم کے شعبے میں حکومت کی کارکردگی نمایاں رہی، 32 ارب روپے مختص کیے گئے جن میں اسکولوں کی بہتری، اساتذہ کی تنخواہیں اور 10 لاکھ طلبا کے وظائف شامل تھے۔ 3200 بند اسکول بحال کیے گئے، 2 ہزار سے زیادہ غیر حاضر اساتذہ برطرف کیے گئے جبکہ بے نظیر اسکالرشپ پروگرام کے تحت طلبہ کیلئے آکسفورڈ سمیت دیگر اعلیٰ تعلیمی اداروں میں سکالر شپ کا آغاز کیا گیا۔ اس کے علاوہ مزدور طبقے کے 400 طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کیلئے بھیجا گیا، شہدا، اقلیتی برادری اور خواجہ سراؤں کیلئے بھی تعلیمی گرانٹس مختص کی گئیں، دور دراز علاقوں کے بچوں کو تعلیم سے روشناس کرانے کیلئے کتاب گاڑی منصوبہ شروع کیا گیا اور اسکول چھوڑنے کی شرح کم کرنے کیلئے ارلی وارننگ سسٹم فعال کیا گیا۔ نوجوانوں کیلئے روزگار اور تربیت کے مواقع فراہم کرنے کیلئے فلائنگ کلب کو بحال کیا گیا جبکہ یوتھ ریسورس سینٹر قائم کیا گیا تاکہ نوجوانوں کو پیشہ ورانہ رہنمائی اور مستقبل کے چیلنجز کا سامنا کرنے کیلئے ضروری تربیت فراہم کی جا سکے۔ زرعی شعبے میں کھیتوں اور باغات کو سولر توانائی پر منتقل کرنے کا عمل جاری رہا، تاہم کسانوں کیلئے اعلان کردہ ٹریکٹروں اور زرعی مشینری کی فراہمی کا عمل شروع نہیں ہو سکا۔ کمیونیکیشن کے شعبے کے لئے 50 ارب روپے مختص کیے گئے لیکن اس شعبے میں عملی اقدامات دیکھنے میں نہیں آئے۔ صحت کے شعبے کی بات کی جائے تو 10 سرکاری ہسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے چلانے کا فیصلہ بھی تاحال عملی شکل اختیار نہ کر سکا جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور بنیادی طبی سہولیات کی کمی برقرار رہی۔ فلاحی اسکیموں میں بہتری دیکھنے میں آئی اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقم میں 27 فیصد اضافہ کیا گیا، کفالت پروگرام کے ذریعے بھی مستحق خاندانوں کی معاونت جاری رہی، حکومت نے نیشنل کلائمیٹ چینج سٹریٹیجی بھی مکمل کر لی ہے جس پر جلد عملدرآمد شروع ہونے کی توقع ہے۔ بہرحال سال 2025 میں بلوچستان حکومت کی کارکردگی کو مجموعی طور پر دیکھا جائے تو یہ سال جزوی طور پر کامیاب ضرور کہا جا سکتا ہے، ٹرانسپورٹ اصلاحات، کوئٹہ ڈویلپمنٹ پلان، تعلیم کے شعبے کی بہتری، اسکولوں کی بحالی، پنک بس سروس کا آغاز اور اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں وہ اقدامات ہیں جنہوں نے حکومت کے مثبت پہلو کو اجاگر کیا۔ تاہم صحت، کمیونیکیشن اور زراعت کے چند اہم منصوبوں میں تاخیر نے انتظامی چیلنجز اور بہتر حکمت عملی کی ضرورت کو نمایاں کیا ہے۔ 2025 میں بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری میں بہتری دیکھنے کو ملی خاص کر ریکوڈک سمیت دیگر منصوبوں کے معاہدے ہوئے جس سے مستقبل میں بلوچستان کی معیشت کی بہتری کی امید ہے جس سے روزگار کے مواقع بڑھنے کے ساتھ بلوچستان کے محاصل میں اضافہ ہوگا۔ 2025 میں بلوچستان میں سیاسی تبدیلی کی بازگشت بھی سنائی دی کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک آنے والی ہے جو کہ محض افواہ ثابت ہوئی۔ بہرحال گورننس کے چیلنجز اب بھی موجود ہیں مگر بہتر طرز حکمرانی، سیاسی ہم آہنگی کے ساتھ سیاسی و معاشی استحکام کے ساتھ امن وامان کی صورتحال بہتر ہو سکتی ہے۔ 2025 کے دوران امن و امان کی صورتحال مخدوش رہی متعدد سانحات رونما ہوئے۔ ان تمام بحرانات کا حل بہترین پالیسی سے ہی ممکن ہے۔ امید ہے کہ 2026 بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کا سال ہوگا جس میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور تجاویز بھی شامل کی جائینگی تاکہ ایک بہتر سیاسی ہم آہنگی کے ساتھ بلوچستان میں موجود بحرانات، چیلنجز اور مسائل کو حل کیا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily QUDRAT QUETTA

Bullet No 6

Date: 01 JAN 2026 Page No. 28

# بارش برسانے والا طاقتور مغربی موسمی سسٹم بلوچستان میں داخل

بارش برسانے والا طاقتور مغربی موسمی سسٹم بلوچستان میں داخل ہو گیا ہے جس کے زیر اثر گوادر، جیونی، تربت، تمپ، مند، دشت، بیلا، قلات، سنجاوی اور دیگر علاقوں میں بارش اور بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے میں موسم سرما کی بارشوں کے ایک اور سلسلے کا آغاز ہو چکا ہے، جس کے نتیجے میں سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور متعدد علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کوئٹہ، چمن، کچلاک، مسلم باغ، درہ کوژک ٹاپ، کان مہترزئی اور دیگر بلند و بالا پہاڑی علاقوں میں بارش کے ساتھ برفباری کا امکان ہے، صوبے میں موسم سرما کی بارشوں کے ایک اور سلسلے کا آغاز ہو چکا ہے، جس کے نتیجے میں سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور متعدد علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کوئٹہ، چمن، کچلاک، مسلم باغ، درہ کوژک ٹاپ، کان مہترزئی اور دیگر بلند و بالا پہاڑی علاقوں میں بارش کے ساتھ برفباری کا امکان ہے جبکہ 20 جنوری سے برفباری کے ایک اور اسپیل کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ سنجاوی اور اس کے گرد و نواح میں شدید سردی کی لہر برقرار ہے، جہاں کم سے کم درجہ حرارت منفی 7 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وادی چوہتر، شیرین، نشپہ، زرالین، پوئی شریف اور دیگر پہاڑی علاقوں میں برفباری کے امکانات کے باعث سردی میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ وادی چوہتر، شیرین، نشپہ، زرالین، پوئی شریف اور دیگر پہاڑی علاقوں میں برفباری کے امکانات کے باعث سردی میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ این ایچ اے بلوچستان نے برفباری سے نمٹنے کے لیے تیاریوں کی تکمیل کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کوژک، بکلا، مسلم باغ سمیت تمام حساس سیکشنز میں برف ہٹانے والی مشینری اور تربیت یافتہ عملہ 24 گھنٹے تعینات رہے گا۔ اسی طرح پی ڈی ایم اے نے قومی شاہراہوں پر ممکنہ برفباری کے پیش نظر تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ کان مہترزئی کے مقام پر برفباری کے دوران دو ٹو ڈی گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہو گئے، جنہیں پی ڈی ایم اے کی ریسکیو ٹیم نے فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا۔ کوئٹہ میں وقفے وقفے سے بارش کے ساتھ بجلی کی آنکھ مچولی جاری ہے، جبکہ بیلا شہر اور گرد و نواح میں موسم سرما کی پہلی بارش نے یخ بستہ ہواں کے ساتھ سردی میں اضافہ کر دیا، جس کے باعث بازار ویران نظر آئے اور شہریوں نے گرم مشروبات و ملبوسات کی خریداری میں دلچسپی لی۔ قلات میں بھی وقفہ وقفہ سے بارش جاری ہے کوئٹہ میں وقفے وقفے سے بارش کے ساتھ بجلی کی آنکھ مچولی جاری ہے، جبکہ بیلا شہر اور گرد و نواح میں موسم سرما کی پہلی بارش نے یخ بستہ ہواں کے ساتھ سردی میں اضافہ کر دیا، جس کے باعث بازار ویران نظر آئے اور شہریوں نے گرم مشروبات و ملبوسات کی خریداری میں دلچسپی لی۔ قلات میں بھی وقفہ وقفہ سے بارش جاری ہے، جہاں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کم سے کم درجہ حرارت منفی 1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، اور بارش کا سلسلہ 31 دسمبر تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No 6

01 JAN 2026

Page No. 27

# Mounting street crimes

Street crime is a serious problem in the entire country. Every year thousands of cases of street crimes are committed. The most common types of street crime include robbery, theft, and assault. Unfortunately, the media is stuffed with stories of street crime in Quetta and other districts of Balochistan. These crimes include mobile and vehicle snatching, house robbery, drug trade, and killing or injuring over resistance to robbery. The criminals don't hesitate snatching mobile phones, motorbikes, and lifting cars in broad daylight but surprisingly the police and other law enforcement agencies seem hapless to arrest such elements. There are factors that contribute to the high rate of street crime; one factor is the high level of poverty in the province. Many people resort to crime in order to make ends meet. Unfortunately, the police are still using the old tactics to catch criminals. Police must equip themselves with modern methods in order to reduce crime to an acceptable level. Police should take support from information technology to curb crime in the city. Nowadays, CCTV cameras are installed in most of the streets and roads and in many cases the faces of the accused are easily identified. The provincial government has almost completed Quetta Safe city project. The Safe City Project is functional but it is strange that incidents of street crimes are increasing. It is essential that the people of Quetta city must be benefitted from Safe City Project which cost billions of rupees. In many cases because of CCTV cameras, the face of culprits are visible but despite it police is unable to arrest them. It is important that police use modern technology to investigate street crimes and arrest culprits who event don't hesitate in taking life of people for just a bike or mobile phone. Undoubtedly, it is the duty of the police to protect the citizens and their property, and we must demand they do a better job of it. Authorities concerned without any delay must install more high-quality security cameras at crime hotspots and there should be increased police patrolling. Another factor contributing to the stubborn levels of street crime is that perpetrators, even when nabbed, are often back on the streets after being acquitted, which calls for better collection of evidence to ensure conviction. And for a long-term solution, the federal and provincial governments have to step up to bring socio-economic reforms to reduce poverty, illiteracy, inequality, unemployment, and most importantly inflation in the country as they are the major reasons behind the majority of the crimes committed in the country specifically in Quetta.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

01 JAN 2026 Page No. 28

# A New Year's Hope for Balochistan

As 2026 begins, the world turns a page. For Balochistan, this moment holds a particular weight. It is a chance to look forward, not just with the weariness of old struggles, but with a cautious, collective hope for better days. The new year must be about turning whispers of a brighter future into a chorus of real change. For too long, Balochistan's story has been told through a lens of hardship. The issues are complex and deep-rooted. There is a painful sense of political and economic marginalization. Families have waited for news of missing loved ones. Vast natural resources have flowed out, while local communities often see little return in jobs, schools, or hospitals. The winds of Gwadar carry both the promise of global trade and the frustration of local fishermen. These realities cannot be ignored. Yet, within this landscape, there is undeniable resilience. The Baloch people have a rich history and a profound connection to their land. Their poets and musicians have kept culture alive through generations. In the face of drought, farmers persevere. In modest classrooms, teachers shape young minds. This strength is the province's greatest asset. 2026 must be the year this strength is fully recognized and partnered with, not sidelined. The path forward needs clear, deliberate steps.

First, and most urgently, is dialogue. Real, sincere, and inclusive conversation between all stakeholders is the only foundation for lasting peace. Grievances must be heard at the highest levels with the intent to address them, not dismiss them. Trust is broken; it must be rebuilt with actions, not just words. Second, the economy must work for the people of Balochistan. The China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) and other projects should not feel like foreign impositions. Local people must be the primary beneficiaries. This means prioritizing Baloch youth in hiring, investing in local businesses that support these mega-projects, and ensuring that revenues directly improve local infrastructure. A fisherman's son should see Gwadar port as a source of opportunity, not a threat to his livelihood. Human development cannot wait, new year should see a surge in building not just roads, but schools equipped for the modern world. Not just ports, but hospitals with doctors and medicine.

The youth of Balochistan are not a liability; they are an untapped reservoir of talent. Giving them education and skills is the best investment in the province's future. This is not a task for one side alone. It is a shared responsibility. The central government must lead with policy and genuine investment. Provincial leadership must advocate fiercely and transparently for its people. Security must be provided with respect for human rights. And the people of Balochistan themselves, with their diverse voices, must be active architects of their own future. As 2026 dawns, let this be the year Balochistan's narrative begins to shift. Let headlines speak of new colleges opening, of local businesses thriving on new trade routes, of young Baloch tech entrepreneurs and artists gaining national acclaim. Let the conversation move from deprivation to development, from conflict to collaboration. The new year offers a universal promise: a fresh start. For Balochistan, that promise is deeply needed. It is time to weave the threads of resilience, resourcefulness, and rightful demand into a stronger fabric. Hope is not just a feeling; it is a choice followed by action. Let 2026 be the year that choice is made, collectively and courageously, for a peaceful and prosperous Balochistan. Th[illegible] begins today.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No 6 Date 01 JAN 2026 Page No. 29

# قدرت کا قرض اور حکومت بلوچستان کی کوششیں

**تحریر: عنایت الرحمان**

صبح سویرے چہل قدمی برسوں سے معمول رہی ہے۔ کوئی ڈیڑھ دو عشرے پہلے کی بات ہے کہ گھر سے نکل کر کھیت کھلیانوں کے درمیان سے گزرتے ہوئے اپنی منزل مقصود تک پہنچ جاتا تھا۔ وہ منزل درختوں کا ایک گھنا جھنڈ تھا جہاں سینکڑوں درخت قطار در قطار اس طرح ایستادہ ہوتے جیسے صبح کی اسمبلی میں طلبہ خاموشی سے صف آرا ہوں۔ ان درختوں کے بیچ سے گزرتی ایک پتلی سی کچی سڑک کسی دوشیزہ کی سنہرے بالوں کی سیدھی مانگ کی مانند اس جنگل کو دو حصوں میں تقسیم کرتی تھی۔ سڑک کے دونوں اطراف ایک کچی مٹی کی دیوار تھی جو اس سبز سلطنت کو کسی بھی بیرونی حملے سے محفوظ رکھنے کے لیے بنائی گئی تھی۔ انہی دیواروں میں سے ایک پر کچھ دیر بیٹھ کر قدرت کے حسین رنگوں، پاکیزہ فضاؤں اور پرندوں کے چہچہاتے نغموں سے لطف اندوز ہونا معمول تھا۔ خاموشی کو بس ایک سرکاری جیپ توڑتی جو چند ہی لمحوں میں دھول اڑاتی ہوئی وہاں سے گزر جاتی، جیسے وقت کی بے رحمی کا اعلان ہو۔ کچھ دیر بعد اس مہربان جنگل کا نگران دور سے گنگناتا ہوا اسی کچی سڑک پر اپنے کمرے کی جانب آتا دکھائی دیتا۔ اس کے گنگنائے ہوئے بول آج بھی کانوں میں گونجتے ہیں۔ اس کے پیچھے پیچھے اس کا چھوٹا سا کتا دم ہلاتا ہوا چلتا اور اجنبی کو دیکھتے ہی غرانے لگتا، شاید اسے اپنے فرض کی اہمیت کا احساس تھا کہ وہ اتنے بڑے جنگل کی حفاظت پر مامور ہے۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے منظر بدل گیا۔ وقت نے کروٹ لی۔ جن راستوں پر کبھی کھیت کھلیان تھے وہاں اب گلیاں، محلے اور مکان آباد ہو گئے۔ وہ جنگل بھی کسی کے قہر کی نذر ہو گیا۔ نہ کچی دیواروں کا حصار کام آیا اور نہ ہی وہ وفادار کتا۔ جنگل کی جگہ اسکول، شیلٹر ہاؤسز، ہسپتال اور دفاتر بن گئے،

حالانکہ بہتر منصوبہ بندی سے ان عمارتوں کو آگے خالی زمین پر تعمیر کر کے اس سبز سرمائے کو محفوظ رکھا جا سکتا تھا۔ اب وہ سب ایک حسین خواب کی طرح یادوں میں زندہ ہے۔ سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ کرہ ارض کی تقریباً 25 فیصد سطح کبھی جنگلات سے ڈھکی ہوئی تھی اور یہی جنگلات زمین پر بے شمار انواع کی جائے زیست ہیں۔ درختوں کا اچانک اور بے دریغ خاتمہ حیوانی زندگی کے لیے تباہ کن ثابت ہو رہا ہے۔ آج پوری دنیا بشمول پاکستان اور خصوصاً بلوچستان موسمیاتی تبدیلیوں کی زد میں ہے۔ زمین کا درجہ؟ حرارت بڑھ رہا ہے، گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے ہیں، اور برسوں سے خاموش آتش فشاں جاگنے لگے ہیں۔ سائنس دان خبردار کر چکے ہیں کہ اس صدی کے اختتام تک زمین کے درجہ حرارت میں کم از کم تین ڈگری سینٹی گریڈ اضافہ ہو سکتا ہے، جو اس سے کہیں زیادہ خطرناک صورت اختیار کر سکتا ہے۔ ماحولیاتی نظام پہلے ہی دباؤ میں ہے۔ برف کی سفید چادر سورج کی حرارت کو واپس فضا میں منعکس کرتی ہے جبکہ ننگی زمین حرارت کو جذب کر لیتی ہے۔ درجہ؟ حرارت میں اضافے اور فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی بڑھتی ہوئی مقدار کے باعث حرارت زمین سے خارج نہیں ہو پاتی، نتیجتاً زمین مزید گرم ہو رہی ہے اور برف تیزی سے پگھل رہی ہے۔ ناسا کے سائنس دانوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر قدرت سے یہی کھلواڑ جاری رہا تو مستقبل میں فضا کا توازن بگڑ سکتا ہے۔ درخت اسی کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کر کے آکسیجن پیدا کرتے ہیں، اور اگر یہ سلسلہ ٹوٹ گیا تو زمین پر زندگی کی ہر شکل خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ ماضی کو بدلا نہیں جا سکتا، مگر اس کے گناہوں کا کفارہ ضرور ادا کیا جا سکتا ہے۔ انسانی تہذیب کو بربادی سے بچانے کے لیے موسمیاتی تبدیلی کو محدود کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔

خوش آئند امر یہ ہے کہ بلوچستان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت اس چیلنج کو سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ بلوچستان پاکستان کا واحد صوبہ ہے جس نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے باقاعدہ کلائمیٹ فنڈ قائم کیا ہے۔ خشک سالی، زیر زمین پانی کی تیزی سے کمی اور زراعت کی تباہی جیسے مسائل پر حکومت فکرمند نظر آتی ہے۔ بلوچستان انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی نے فضائی معیار کی نگرانی کے لیے مختلف اضلاع میں ماحولیاتی ٹیسٹنگ لیبارٹریز کے قیام کا آغاز کیا ہے۔ کوئٹہ میں فضائی آلودگی کم کرنے کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کی تجویز، گرین اور پنک بس سروس، اور آلودہ رکشوں و موٹر سائیکلوں پر مرحلہ وار پابندی جیسے اقدامات اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ آلودگی کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں ہر سال ڈھائی لاکھ سے زائد اموات آلودگی کے باعث ہوتی ہیں۔ پانی کے بحران سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی اداروں کی معاونت سے آبی منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بجا طور پر موسمیاتی تبدیلی کو صوبے کے لیے دہشت گردی سے بھی بڑا چیلنج قرار دیا ہے۔ زرعی شعبے میں ہائیڈروپونکس، کنزرویشن ایگریکلچر اور ایگرو فارسٹری جیسے جدید اور ماحول دوست طریقے متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ قابل تجدید توانائی، کاربن ٹریڈنگ اور پانی کے بہتر نظم و نسق پر توجہ دی جا رہی ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں بیوروکریسی کو بھی ماحولیاتی اہداف کے حصول کے لیے متحرک کیا جا رہا ہے، اور باقاعدہ افسران کی کارکردگی کی نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ صوبے کے مختلف جیسا کہ بی، شکر یہ نصیر آباد، حب و دیگر ڈویژنز میں ضلعی انتظامیہ ماحول دوست اقدامات پر عمل پیرا ہے۔

یادوں کا وہ جنگل شاید اب واپس نہ آئے، وہ کچی سڑک، وہ نگران اور اس کا وفادار کتا بھی ماضی کا حصہ بن چکے ہیں، مگر اگر آج ہم نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔ درخت صرف سایہ نہیں دیتے، یہ زندگی دیتے ہیں۔ اگر ہم نے آج زمین کے زخموں پر مرہم نہ رکھا تو کل یہ زخم ہماری بقا نگل جائیں گے۔ اب فیصلہ ہمارے ہاتھ میں ہے کہ ہم یادوں کے جنگل کو صرف قصوں میں زندہ رکھنا چاہتے ہیں یا آنے والی نسلوں کو بھی اس سبز نعمت سے روشناس کرانا چاہتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No 6 Dated 01 JAN 2026 Page No. 2

# محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان: مثبت تشخص کی مضبوط آواز

**تحریر: عدیل احمد خٹک**

عصر حاضر میں اطلاعات کی جنگ کسی بھی ریاست یا حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ سوشل میڈیا کے پھیلاؤ نے جہاں معلومات تک رسائی آسان بنائی ہے، وہیں جھوٹی خبروں، منفی پروپیگنڈے اور گمراہ کن بیانیے کو بھی فروغ دیا ہے۔ ایسے حالات میں محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان نے نہایت ذمہ داری، پیشہ ورانہ مہارت اور قومی جذبے کے ساتھ صوبائی حکومت کے مثبت اقدامات کو عوام تک پہنچانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ سال 2025 کے دوران محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان نے ایک تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تقریباً دس ہزار کے قریب خبریں اور تصاویر قومی و علاقائی میڈیا کے ذریعے جاری کیں۔ ان اطلاعات کے ذریعے نہ صرف صوبائی حکومت کے ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاحی اقدامات اور انتظامی اصلاحات کو اجاگر کیا گیا بلکہ دور دراز علاقوں میں ہونے والے عملی کاموں کو بھی منظر عام پر لایا گیا۔ محکمہ تعلقات عامہ نے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا مؤثر استعمال کیا۔ فیس بک، ایکس (ٹوئٹر)، انسٹاگرام اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع کے ذریعے بروقت اور مستند معلومات فراہم کی گئیں۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ صوبائی حکومت اور پاک فوج کے خلاف چلنے والے منفی پروپیگنڈے کا بروقت اور مدلل جواب دیا گیا، جس سے جھوٹے بیانیے کمزور پڑ گئے۔ خصوصی طور پر بلوچستان جیسے حساس صوبے میں، جہاں دشمن عناصر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں، محکمہ تعلقات عامہ نے ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا کو مضبوط کیا۔ درست معلومات کی فراہمی، شفاف انداز بیان اور حقائق پر مبنی رپورٹنگ نے عوام میں یہ احساس پیدا کیا کہ حکومت ان کے مسائل سے باخبر ہے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ یہ کہنا بجا ہوگا کہ محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان نے محض ایک سرکاری ادارے کے طور پر نہیں بلکہ ایک قومی بیانیے کے محافظ کے طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا کیں۔ پیشہ ورانہ ٹیم ورک، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور تیز رفتار ردعمل اس محکمے کی نمایاں خصوصیات بن چکی ہیں۔ آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ سال 2025 میں محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کی کارکردگی نہ صرف قابل تحسین ہے بلکہ دیگر صوبوں کے لیے ایک مثال بھی ہے۔ عوام تک سچ، ترقی اور امید کا پیغام پہنچانا ہی دراصل مضبوط اور مستحکم معاشرے کی بنیاد ہے، اور محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان اس مشن میں پوری طرح سرخرو نظر آتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily MEEZAN QUETTA
Bullet No 6
Date 01 JAN 2026
Page No. 31

# عالمی سیاست کا نیا دور

وزیر احمد جوگیزئی

بغیر جمہوریت کے شاید ہم زیادہ دیر تک اپنی قومی زندگی برقرار نہ رکھ سکیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ وہ قومیں زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتیں جہاں عوام کی رائے، شمولیت اور حقوق کو نظرانداز کیا جائے۔ جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لیے عوام کو طاقتور بنانا ضروری ہے۔ طاقتور عوام ہی کسی ملک کی سب سے بڑی دفاعی قوت ہوتے ہیں۔ فوج کتنی ہی بڑی اور طاقتور کیوں نہ ہو، اگر اسے عوامی حمایت حاصل نہ ہو تو اس کی قوت بھی محدود ہو جاتی ہے۔ عوامی اعتماد، عوامی شمولیت اور عوامی حمایت کے بغیر کوئی بھی ریاستی ادارہ موثر انداز میں کام نہیں کر سکتا۔ آج اگر ہم بلوچستان کی صورتحال پر نظر ڈالیں تو ہمیں زمینی حقائق کو تسلیم کرنا ہوگا۔ بلوچستان اس وقت جس حالت میں ہے، اس کا حل گولی، فوجی آپریشن یا طاقت کے استعمال میں نہیں۔ اس مسئلے کا حل صرف اور صرف سنجیدہ، خلوص پر مبنی اور وسیع البنیاد مذاکرات میں ہے۔ آج کل جو خیبرپختونخوا ہاؤس میں اگر کسی قسم کی بات چیت یا کانفرنس ہو رہی ہے تو ان میں مزید سیاسی جماعتوں، بالخصوص پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کو بھی شامل کیا جانا چاہیے۔ اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ بلوچستان جا کر ان لوگوں سے بات کی جائے جو ناراض ہیں، جو ہتھیار اٹھانے پر مجبور ہوئے ہیں۔ بلوچستان کا مسئلہ طاقت سے حل نہیں ہوگا، یہ عوامی بات چیت سے ہی حل ہو سکتا ہے۔ جب تک بلوچستان میں امن قائم نہیں ہوگا، پاکستان کتنی ہی جنگیں جیت لے، کتنے ہی بل دورے کر لے، اصل مسائل حل نہیں ہوں گے۔ بلوچستان پاکستان کا دل ہے، اور دل میں درد ہو تو پورا جسم بے چین رہتا ہے۔ اس لیے بلوچستان پر پوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے اب تک بلوچستان میں جتنی بھی حکومتیں آئیں، وہ زیادہ تر اسلام آباد کی آشیرباد سے بنتی رہیں۔ ان حکومتوں کو عوامی تائید اور اعتماد حاصل نہیں رہا، جس کی وجہ سے وہ عوام تک رسائی حاصل نہ کر سکیں۔ عوامی مسائل حل کرنے کے لیے عوامی رابطہ ضروری ہوتا ہے، جو بدقسمتی سے نظر نہیں آیا۔ جب تک حکومتیں عوام کے ووٹ، دعاؤں اور اعتماد سے نہیں بنیں گی، اس وقت تک بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اسی طرح خیبرپختونخوا میں بھی امن و امان، معاشی ترقی اور عوامی اعتماد کے مسائل موجود ہیں۔ ان مسائل کا حل بھی طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ عوامی شمولیت، شفاف حکمرانی اور سیاسی مکالمے میں ہے۔ عوام کو اعتماد میں لیے بغیر، ان کے زخموں پر مرہم رکھے بغیر، کسی بھی پالیسی کی کامیابی ممکن نہیں۔ ان حالات میں افغانستان کے ساتھ ہمارے تعلقات بھی خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں۔ افغانستان کے ساتھ کسی قسم کی محاذ آرائی یا غیر ضروری تنازع ہمارے مفاد میں نہیں۔ ہمیں اس معاملے میں جذبات کے بجائے عقل، حکمت اور دور اندیشی سے کام لینا چاہیے۔ خطے میں امن کے بغیر پاکستان ترقی نہیں کر سکتا، اور افغانستان کے ساتھ بہتر تعلقات کے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان کو اگر ایک مضبوط، خودمختار اور خوشحال ملک بننا ہے تو اسے جمہوریت، معاشی استحکام اور عوامی طاقت کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا۔ عوام کو سنا جائے، عوام پر اعتماد کیا جائے اور عوام ہی کی آشیرباد سے حکومتیں بنائی جائیں۔ یہی راستہ ہمیں بحرانوں سے نکال سکتا ہے، اور یہی راستہ پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ جمہوریت کوئی کمزوری نہیں بلکہ قوموں کی اصل طاقت ہے، اور احترامِ جمہوریت ہی ہمارے تمام مسائل کا پائیدار حل ہے۔ (ختم شد)

CamScanner